# پریس ریلیز

گوجرانوالہ 03 اپریل 2024ء

گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر ضیاء الحق (شیخ فیصل ایوب) سے ایڈیشنل سیکریٹری کامرس ضمیر حسین، ڈپٹی سیکریٹری انڈسٹری ابوبکر، مظفر حسین اور سیداون پنجاب بورڈ آف انوسٹمنٹ اور گوجرانوالہ سے مس قراۃ العین نے ملاقات کی۔ اس موقع پر سابق صدر چیمبر اخلاق احمد بٹ، سابق سینئر نائب صدر عرفان سہیل بھی موجود تھے۔ ایڈیشنل سیکریٹری کامرس ضمیر حسین نے تبادلہ خیال کرتے ہوئے کہا کہ گوجرانوالہ بی ایف سی میں 30 سے زائد محکمہ جات ہیں جن میں پنجاب اور وفاق سے تعلق رکھتے محکمہ ہیں۔ آج کی ملاقات کا مقصد صرف یہی ہے کہ کیا گوجرانوالہ کی کاروباری برادری اس سنٹر سے مستفید ہو رہی ہے یا نہیں۔ انہوں نے کہا کہ ون ونڈو آپریشن کے تحت صوبائی اور وفاقی محکموں کی خدمات کو ایک ہی چھت کے نیچے یکجا کرنا تاجر برادری کے لیے بہت بڑا ریلیف ہے کیونکہ اس سے ان کے سرمائے اور وقت کی بچت ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ کاروباری برادری کو اب مختلف سرکاری اداروں کی خدمات ایک ہی چھت تلے میسر آ گئی ہیں۔

صدر ضیاء الحق (شیخ فیصل ایوب) وفد سے تبادلہ خیال کرتے ہوئے کہا کہ بلاشبہ گوجرانوالہ میں بی ایف سی کا قیام حکومت پنجاب کا احسن قدم ہے انہوں نے کہا کہ بی ایف سی گوجرانوالہ میں منسٹری آف فارن آفیئر، پاسپورٹ آفس، نادرا کا بھی ڈیسک ہونا بے حد ضروری ہے۔ اس کے علاوہ انہوں نے بتایا کہ بی ایف سی میں جتنے بھی ادارے اس وقت کام کر رہے ہیں وہ سب نئے کاروباری افراد کیلئے ہیں لہٰذا ایسے کاروباری لوگ جن کا پہلے سے کاروباری موجود ہے اور انہیں کوئی مسئلہ درپیش ہے ان کیلئے بھی نئے ڈیسک بنائے جائیں۔ نیز بزنس کمیونٹی کو اس سے بھرپور استفادہ حاصل کرنا چاہیئے شہر میں بی ایف سی کے متعلق بی ایف سی میں دی جانے والی سہولیات کے متعلق آگاہی بورڈز بھی آویزاں ہونے چاہیئے تاکہ لوگوں تک بی ایف سی ادارے کی افادیت پہنچ سکے۔